# KSTA

## ഒരുക്കം – 2021
## എസ്.എസ്.എൽ.സി മാതൃക ചോദ്യപേപ്പർ

## URDU

First Language – Paper I

Time : 1 ½ Hrs
Maximum Score : 40

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

* ആദ്യത്തെ 20 മിനുട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിനും ഉത്തരങ്ങൾ ആസൂത്രണം ചെയ്യുന്നതിനും വിനിയോഗിക്കുക.
* ആകെ 80 സ്കോറിനുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഇഷ്ടപ്പെട്ട 40 സ്കോറിനുള്ള ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്
* ഓരോ ചോദ്യത്തിന് നേരേയും നൽകിയ സ്കോർ അനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക

---

1 سے 12 تک کے سوالوں سے کے جواب چن کر لکھیے۔

1 رحمت اور منّی کس کہانی کے کردار ہیں؟ 1

[ سواسیر گیہوں، کابلی والا کھجری کے سائے میں ]

2 نظیر اکبر آبادی کی نظم کون سی ہے؟ 1

[ غریبوں کا مسیحا، کاغذ کی کشتی ستاتی ہے مفلسی ]

3 محاوہ 'زمین آسمان کا فرق' کا مطلب کیا ہے؟ 1

[ بہت بڑا فرق بہت کم فرق فرق نہیں ہے ]

4 مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر 1

دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر

بچوّ، اس شعر میں لفظ 'نان' سے کیا مراد ہے؟

[وقت، موٹی ، روٹی ، عزّت ]

5 یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو 1

بھلے چین لو مجھ سے میری جوانی

بچوّ، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

[رابیندر ناتھ ٹیگور نظیر اکبر آبادی سدرشن فاخر ]

6 کہانی سواسیر گیہوں کے اہم کردار شنکر کے بارے میں صحیح جملہ چن کر لکھیے۔ 1

a] شنکر ایک سادھو تھا۔ b] شنکر ایک دولت مند آدمی تھا۔

c] شنکر ایک زمیندار تھا۔ d] شنکر سیدھا سادا غریب آدمی تھا۔

7 نیچے چند ادیبوں کے نام دیے ہیں۔ان میں سے افسانہ نگاروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[علی عبّاس حسینی ، سدرشن فاخر ، پریم چند ، نظیر اکبر آبادی ]

8 مناسب لفظ چن کر گروہ پورا کیجیے۔ [ڈرامہ، نظم، کہانی ] 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | سواسیر گیہوں | ................ | منشی پریم چند |

| | | | |
|---|---|---|---|
| b | ستاتی ہے مفلسی | ................ | نظیر اکبر آبادی |

9 نیچے چند ادیبوں کے نام دیے ہیں۔ان میں سے شاعروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[علی عبّاس حسینی ، سدرشن فاخر ، پریم چند، نظیر اکبر آبادی ]

10 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 2

| الف | ب |
|---|---|
| کاغذ کی کشتی | منشی پریم چند |
| ستاتی ہے مفلسی | احسان دانش |
| ہل چلائیں | نظیر اکبر آبادی |
| سواسیر گیہوں | سدرشن فاخر |

11 نیچے دیے جملے غور سے پڑھیے اور مناسب حروف سے خانہ پورا کیجیے۔ 2

[سے کا کو میں ]

ایک دن.........واقعہ ہے۔جب ساجن اسکول..............پڑھ رہا تھا۔اس دن

شام...........وہ نئے کپڑے پہن کر اسکول...........لوٹ آیا۔

12 اشعار غور سے پڑھیے اور بچپن کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a] جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی

کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

b]　مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون
وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی

c]　فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہے بیچارے دہقان ہل چلانے میں

**13 سے 22 تک کے سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے ۔**

13　گووند ایک تندرست کسان ہے۔ وہ ہر دن محنت کرتا ہے۔ 　3
بچّو، گووند کی تندرستی کے وجوہات کیا کیا ہیں؟ چند جملے لکھیے۔

14　پیڑوں کی وجہ سے ہمارا گاؤں زندہ ہے۔ 　3
پیڑ پودے لگانے سے ہم کو کیا کیا فائدے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

15　مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر 　3
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
اس میں شاعر مفلسی اور غریبی کے بارے میں کیا کیا بیان کرتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

16　کسانوں کی محنت سے دنیا چلتی ہے۔ وہ اپنے لیے ہی نہیں بلکہ ساری دنیا کے لیے محنت کرتی ہیں۔ 　3
بچّو، کسانوں کی اہمیت اور خصوصیت کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔

17　کہانی ’’ سواسیر گیہوں ‘‘ آپ نے پڑھی ہے نا؟ 　3
a)　بچّو، اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b)　پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

18 بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا 3
لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا
اس شعر میں شاعر مدر ٹریسا کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔
بچّو، مدر ٹریسا کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں۔ ایک نوٹ لکھیے۔

19 آج کل آپ کے گاؤں کے ندی نالوں کی حالت کیا ہے؟ چند جملے لکھیے۔ 3

20 ہمارے آس پاس بھی ساجن جیسے کئی غریب لوگ رہتے ہیں۔ ان کی مدد کرنا ہمارا فرض ہے۔ 3
غریب اور بیمار لوگوں کی مدد کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں۔ تین جملے لکھیے۔

21 کہانی ''کابلی والا'' آپ نے پڑھی ہے نا؟ 3
a) بچّو، اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

22 نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن 3
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی
بچپن کا زمانہ اچھا زمانہ ہے۔ بچّو، بچپن کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔

**23 سے 30 تک کے سوالوں کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے ۔**

23 ظفر علی کے گاؤں میں کئی تبدلیاں آئی ہیں۔ 4
بچّو، آپ کے گاؤں یا شہر میں کیا کیا تبدیلیاں آئی ہیں۔ گاؤں یا شہر کی موجودہ حالت پر نوٹ لکھیے۔

24 راموچاچا ایک محنتی کسان ہے۔ وہ کھیت میں طرح طرح کے اناج اور ترکاریاں اگاتے ہیں۔ 4
بچّو، اگر آپ کو ان سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوال کریں گے۔
اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔
[اشارے: کیا کیا، کیسے، کہاں، کتنے، کب، کیوں،]

25 "میں لکشمی ہوں۔ ساجن اور مالتی میرے بچّے ہیں۔ ہم گاؤں میں کھیت کے کنارے رہتے ہیں" 4
لکشمی اپنے بارے میں کہنے لگی۔
بچوّ، آپ بھی اپنے بارے میں ایک آپ بیتی تیار کیجیے۔

26 آج کل مختلف بیماریاں پھیل رہی ہیں۔ لوگ صحت پر دھیان نہیں دیتے۔ 4
بچوّ، بیماریاں بڑھنے کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

27 آج کل ندی نالوں میں کوڑے کچڑے کا انبار ہیں۔ 4
بچوّ، ندی نالوں کی حفاظت کے لیے چار پلے کارڈ تیار کیجیے؟ نوٹ لکھیے۔

28 4

یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چین لو مجھ سے میری جوانی
مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون
وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی

اشعار میں شاعر بچپن کے بارے میں کیا کیا بیان کرتے ہیں۔ اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

29 اشاروں کی مدد سے نظیر اکبر آبادی کا سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

**نظیر اکبر آبادی**

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | نظیر اکبر آبادی |
| اصلی نام | : | ولی محمد |
| پیدائش | : | ۱۷۴۰ء |
| مشہور نظمیں | : | دیوالی، برسات، ہولی، آدمی نامہ، روٹی نامہ |
| انتقال | : | ۱۸۳۰ء |

30 انجلی اپنے ماں باپ کے ساتھ کلکتہ چلی آئی۔ اگلے دن وہ سہیلی سسلی کے فلیٹ گئی۔ انجلی کو دیکھ کر سہیلی سسلی نے پوچھا۔ 4

سسلی : انجلی، گاؤں کی حالت کیسی ہے؟

انجلی : ..................................

بچوّ، انجلی اور سسلی کی گفتگو آگے بڑھائیے۔